کتابخانه جامع
جامعة العلوم
معاونت پژوهش
مرکز جهانی علوم اسلامی
۱۳۸۵

مرکز جهانی علوم اسلامی
جمهوری اسلامی ایران - قم - ۱۳۵۸

مدرسه عالی فقه و معارف اسلامی

ترجمه کتاب «حیات فکری و سیاسی امامان شیعه (ع)» به زبان اردو

برای دریافت درجهٔ کارشناسی ارشد
در رشته فقه و معارف اسلامی

گرایش: تاریخ اسلام

نگارش: مجاهدحسین جعفری

استاد راهنما: حجة الاسلام و المسلمین سید احتشام عباس زیدی

استاد مشاور: حجة الاسلام و المسلمین سید کمیل اصغر زیدی

خرداد ۱۳۸۵

کتابخانه جامع مرکز جهانی علوم اسلامی
شماره ثبت: ۲۸۷
تاریخ ثبت:

▣ مسئولیت مطالب مندرج در این پایان نامه ، به عهدهٔ نویسنده می باشد.

▣ هرگونه استفاده از این پایان نامه با ذکر منبع ، بلااشکال است و نشر آن در داخل کشور منوط به اخذ مجوز از مرکز جهانی علوم اسلامی است.

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم غیر المغضوب علیهم و لا الضالین

تقدیر و تشکر

خدا وند بی حدو قیاس را سپاس می گویم و الطاف اعیان و نهانش را تشکر می گزارم که توفیق را قرین بند ه خویش نمود تا در راه آموختن گام بردارم.

بر خویش فرض می دانم که تشکر و قدر دانی خود را نسبت به آنهائی که در امر تحصیل وکسب معارف اهل بیت (علیهم السلام) به طور عام،ودر اتمام این پایان به طور خاص به این جانب کمك نمودند، ابراز نمایم.

از مسئولین محترم مرکز جهانی علوم اسلامی نیز که زمینه این نوع تحقیقات وپژوهشها رابرای طلاب فراهم آورده اند،به ویژه از زحمات خستگی ناپذیر مدیر محترم مدرسه عالی فقه و معارف اسلامی جناب حجت الاسلام آقای مصطفیٰ محامی(زیدعزه) تقدیر وتشکر می کنم.

طبیعی است که سپا سگذاری از اساتید بزرگواری که خالصانه خود راوقف خدمت به دین وشریعت نموده ومنت بزرگی بر گردن طلاب دارند،به ویژه از استادمحترم راهنما حجت الاسلام والمسلمین آقای سید احتشام عباس زیدی (دام عزه) واستاد محترم مشاور حجت الاسلام والمسلمین آقای سید کمیل اصغر زیدی (دام عزه) که در راهنمائی ومشاوره این پایان نامه برای بنده زحمات فراوانی رامتحمل شدند،جایگاه ویژه ای خواهد داشت.

این جانب از درگاه ربوبی مسئلت می نمایم که این تلاش نا چیز راقبول فرماید.

والسلام

مجاهد حسین جعفری

انتساب

میں اپنی اس کاوش کو!

حجتِ خدا	فرزندِ مصطفی	دلبندِ مرتضیٰ
یوسفِ زهرا، نورِ چشمِ مجتبیٰ	منتقم خون سید شهداء	وارثِ ائمۂ هدیٰ
خاتم الاوصیاء	قطبِ عالمِ امکان	حضرت بقیة الله الاعظم (عج)

امام مهدی (عج) ارواحنا وارواح العالمین لتراب مقد مه الفداء

کی خدمت اقدس میں پیش کرتا ہوں۔

(گر قبول افتدز هی عز وشرف)

چکیده مطالب

در این کتاب(حیات فکری وسیاسی امامان شیعه ؑ)جناب علامه محقق آقای رسول جعفریان با تحقیق دقیق زندگی ائمه اطهار ؑ را پرداخته است .روش این کتاب این است که در آن بیشتر به منابع اهلسنت تکیه شده است وفضایلی برای اهلبیت ؑ ذکر شده است که نزد فریقین مورد قبول می باشد، کما این که از اسم کتاب واضح است در این کتاب جنبه های سیاسی و فکری زندگی امامان شیعهٔ تجزیه و تحلیل شده است.

از امام صادق ؑ تا امام مهدی (عج) چکیده مطالب درج ذیل می باشد:

امام صادق عليه‌السلام

مؤلف در این کتاب زندگی این امام ؑ را تحت عناوین زیر بررسی کرده است:

شخصیت اخلاقی و فقهی امام صادق ؑ .در این باره مالك بن انس میگوید : مدتی که به خانهٔ آن حضرت رفت وآمدداشتم ایشان را خارج از سه حال ندیدم ؛یا نماز می خواند یا روزه بود یا به قرائت قرآن اشتغال داشت .

شیعیان امام صادق ؑ . امام صادق ؑ و غلو . فقه شیعه مبتنی بر روایات اهل بیت ؑ .قرآن حاکم بر حدیث . کتاب حدیث در عصر امام صادق ؑ . امام صادق ؑ و مبانی فقهی اهل سنت . فشار سیاسی بر شیعیان. امام صادق ؑ و رخدادهای مهم سیاسی .

الف: قیام زید است . ب: امام صادق و دعوت ابوسلمه.

ج: بر خورد با منصور . د: بر خورد امام با نفس زکیه .

امام کاظم عليه‌السلام

امامت پس از امام صادق ؑ . بر خورد های سیاسی امام کاظم ؑ .امام کاظم ؑ و هارون الرشید. شهادت امام کاظم ؑ . نمونه های دیگر ازمبارزه امام با خلافت. امام کاظم ؑ و مباحث کلامی و فکری . مواضع کلامی امام کاظم ؑ در برابر اهل حدیث.

امام رضا عليه‌السلام

مسألهٔ ولایتعهدی . هدف مأمون از طرح مسألهٔ ولایعتهدی . عکس العمل امام ؑ نسبت به مسألهٔ ولایتعهدی . امام رضا(ع) ومأمون. شهادت امام رضا(ع) . امام ؑ و تبلیغات ضد علوی . امام رضا (ع) و مسائل کلامی .امام رضا(ع) و ایران .

امام جوادؑ عليه‌السلام

حیات تاریخی امام جوادؑ .مناظرات علمی امام جوادؑ.مناظره در باره فضائل خلفاء.میراث علمی امام جوادؑ. بر خورد با فرقه های منحرف. اصحاب امام جوادؑ. ارتباط شیعیان ایران با امام جوادؑ .

امام هادی علیه‌السلام

سیاست متوکل در برابر امام هادیؑ . احضار امام هادیؑ به سامرا. اقامت امام در سامرا . برخوردهای متوکل با امامؑ. وکلای امام هادیؑ و اختیارات آنان. اصالت قرآن در مکتب امام هادیؑ. امام هادیؑ و علم کلام . امام هادیؑ و فرهنگ دعا و زیارت .

۱ـ ایجاد پیوند میان مردم و اهل بیتؑ . ۲ـ تاکید بر مقام والاو رهبری اهل بیتؑ . ۳ـ تاکید بر مکتب اهل بیتؑ . ٤ـ مبارزه با ظلم و ستم . امام هادیؑ وشیعیان غالی. امام هادیؑ و خلق قرآن . امام هادیؑ و شیعیان او در ایران .

امام عسکری علیه‌السلام

امامت آن حضرت. امام عسکریؑ در سامرا. موقعیت امامؑ در سامرا . دورانهای بازداشت امامؑ . امام و رابطهٔ او با شیعیان . اصحاب امامؑ و حفظ میراث فرهنگی شیعه. امام عسکریؑ و یعقوب بن اسحاق بن کندی . کتب منسوب به امام عسکریؑ . رحلت امام عسکریؑ.

امام مهدی علیه‌السلام

ولادت امام زمان(عج) . مادر امام مهدی (عج) . نکاتی درباره تولد امام زمان(عج) . آگاهی برخی از شیعیان از تولد امام زمان(عج). اختلاف پس از رحلت امام عسکریؑ . زمینه سازی غیبت توسط پیامبرصلی‌الله‌علیه‌وآله و امامان شیعهؑ. مسائل کلامی و جانشینی حضرت مهدی (عج). حضرت مهدی (عج) و نواب خاص .

۱:عثمان بن سعید عمری سمّانؒ.

۲:ابو جعفر محمد بن عثمان بن سعید عمریؒ .

۳:ابوالقاسم حسین بن روحؒ .

٤: ابوالحسن علی بن محمد سمریؒ .

مروری بر اقدامات نواب در ارتباط با شیعیان

الف: مبارزه با غلات. ب: رفع شك و تردیدهای موجود دربارهٔ حضرت مهدی (عج).

ج: سازماندهی وکلا. د: مخفی نگاه داشتن امام زمان (عج).

عدم جواز افشای نام آن حضرت در غیبت کبریٰ .

جریان رو به رشد تشیع در دوران غیبت صغریٰ . سیرت امام مهد ی (عج) .

فہرست مطالب

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ولادت باسعادت ۲
امام صادقؑ کی اخلاقی اور فقہی شخصیت ۴
امام صادقؑ کے شیعہ ۹
حضرت امام جعفر صادقؑ اور غلو کا مقابلہ ۱۲
فقہ شیعہ کا دارومدار اہل بیتؑ کی روایات پر ۲۰
قرآن مجید کا حدیث پر حاکم ہونا ۲۹
کتاب حدیث امام صادقؑ کے زمانہ میں ۳۰
امام صادقؑ اور فقہ اہل سنت کے بنیادی اصول ۳۲
شیعوں پر سیاسی دباؤ ۳۲
امام صادقؑ اور ان کے دور کے اہم سیاسی واقعات ۳۴
قیام زید ۳۴
امام صادقؑ اور دعوت ابوسلمہ ۳۷
منصور کے ساتھ امام صادقؑ کا برتاؤ ۳۹
نفس زکیہ کے ساتھ امامؑ کا برتاؤ ۴۲

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ولادت باسعادت ۴۶

امام صادقؑ کے بعد امامت ۴۹

امام موسیٰ کاظمؑ کی سیاسی پالیسیاں ۵۴

حضرت امام موسیٰ کاظمؑ اور ہارون رشید ۵۹

پہلا حصہ ۶۰

دوسرا حصہ ۶۲

ان حوادث میں سے ایک حادثہ جو امامؑ کی شہادت کا سبب بنا ۶۳

تیسرا حصہ ۶۵

امام موسیٰ کاظمؑ کی شہادت ۷۱

عباسی حکومت کے خلاف امامؑ کے جہاد کے چند اور نمونے ۷۲

پہلا نمونہ ۷۳

دوسرا نمونہ ۷۴

حضرت امام موسیٰ کاظمؑ اور فکری و کلامی بحثیں ۷۶

اہل حدیث کے مقابلہ میں امام موسیٰ کاظمؑ کا کلامی ردعمل ۷۷

حضرت امام علی رضا علیہ السلام

حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی ولادت باسعادت ۸۹

مسئلہ ولی عہدی ۹۳

ولی عہدی کی پیش کش سے مامون کا مقصد ۹۴

حضرت امام رضا (ع) کا ردعمل ۹۸

حضرت امام علی رضا (ع) اور مامون ۱۰۳

حضرت امام علی رضا (ع) کی شہادت ۱۰۶

حضرت امام علی رضا(ع)اور علویوں کے خلاف سازشیں............۱۰۷
حضرت امام علی رضا(ع) اور کلامی مسائل............۱۱۰
حضرت امام رضا(ع) اور ایران............۱۱۹

حضرت امام محمد تقی علیہ السلام

حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی ولادت باسعادت............۱۲۵
امام محمد تقیؑ کی امامت............۱۲۶
حضرت امام محمد تقیؑ کی تاریخ ساز زندگی............۱۳۰
امام محمد تقیؑ کے علمی مناظرے............۱۳۵
خلفاء کے فضائل کے بارے میں مناظرے............۱۳۸
حضرت امام محمد تقیؑ کا علمی ورثہ............۱۴۱
منحرف فرقوں کے ساتھ حضرت امام محمد تقیؑ کا برتاؤ............۱۴۲
حضرت امام محمد تقیؑ کے اصحاب............۱۴۳
ایران کے شیعوں کا حضرت امام محمد تقیؑ سے رابطہ............۱۴۴

حضرت امام علی نقی علیہ السلام

حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی ولادت باسعادت............۱۴۹
امام علی نقیؑ کی امامت............۱۵۱
امام علی نقیؑ کے بارے میں متوکل کی سیاست............۱۵۱
امام علی نقیؑ کی سامرا میں طلبی............۱۵۲
امام علی نقیؑ کا سامرا میں قیام............۱۵۴

امام علی نقی علیہ السلام کے ساتھ متوکل کا برتاؤ..................... ۱۵۵
امام علی نقی علیہ السلام کے وکلاء اور ان کے اختیارات..................... ۱۶۰
مکتب امام علی نقیؑ میں قرآن کی اہمیت..................... ۱۶۳
امام علی نقیؑ اور علم کلام..................... ۱۶۴
امام علی نقیؑ اور دعا وزیارات..................... ۱۶۸
اہل بیتؑ اور لوگوں کے درمیان رابطہ قائم کرنا..................... ۱۶۹
اہل بیتؑ کے رہبر ہونے کی تاکید..................... ۱۶۹
مکتب اہل بیتؑ کے بارے میں تاکید..................... ۱۶۹
ظلم وستم سے مقابلہ..................... ۱۷۰
امام علی نقیؑ اور غالی شیعہ..................... ۱۷۱
حضرت امام علی نقیؑ اور نظریہ خلق قرآن مجید..................... ۱۷۴
امام علی نقیؑ اور ایران میں آپؑ کے شیعہ..................... ۱۷۵

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت باسعادت..................... ۱۷۹
حضرت امام حسن عسکریؑ کی امامت..................... ۱۸۰
حضرت امام حسن عسکریؑ سامرا میں..................... ۱۸۱
سامرا میں امامؑ کے حالات..................... ۱۸۳
امامؑ قید کے دوران..................... ۱۸۵
امامؑ کا شیعوں سے رابطہ..................... ۱۸۸
امام کے اصحاب اور تشیع کی ثقافتی میراث کی حفاظت..................... ۱۹۵

امام حسن عسکریؑ اور یعقوب بن اسحاق کندی..۱۹۷
حضرت امام عسکریؑ کی طرف منسوب کتابیں..۱۹۸
الف: تفسیر..۱۹۸
ب: المقنعہ..۲۰۰
قابل توجہ نکتہ:..۲۰۰
حضرت امام عسکریؑ کی شہادت..۲۰۱

حضرت امام مہدی علیہ السلام

حضرت امام زمان (ع) کی ولادت باسعادت..۲۰۳
امام مہدیؑ کی والدہ گرامی..۲۰۵
امام مہدیؑ کی ولادت باسعادت کے بارے میں چند نکات..۲۰۵
حضرت امام زمان (ع) کی ولادت باسعادت سے بعض شیعوں کا مطلع ہونا..۲۱۰
حضرت امام حسن عسکریؑ کی شہادت کے بعد اختلاف..۲۰۹
غیبت کے لئے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ علیہم السلام کی طرف سے زمینہ سازی..۲۱۲
کلامی مسائل اور حضرت مہدیؑ کی جانشینی..۲۱۳
حضرت امام مہدیؑ اور ان کے نواب خاص..۲۱۶
۱۔ جناب عثمان بن سعید عمری (سمان)..۲۱۶
۲۔ جناب ابوجعفر محمد بن عثمان بن سعید عمری..۲۱۷
۳۔ جناب ابوالقاسم حسین بن روح..۲۱۸
۴۔ جناب ابوالحسن علی بن محمد سمری..۲۱۹
توقیع مبارک کا متن..۲۱۹

شیعوں کے ساتھ رابطہ کے حوالے سے نواب خاص کے کارناموں کی ایک جھلک..........۲۲۰
الف :غالیوں سے مقابلہ..........۲۲۰
ب:حضرت امام مہدیؑ کے بارے میں شکوک وشبہات کو دور کرنا..........۲۲۲
ج:وکلاء کی سرپرستی ونگرانی کرنا..........۲۲۳
د:امام زمانؑ کو مخفی رکھنا..........۲۲۴
غیبت کبریٰ میں آپؑ کے نام مبارک کو ظاہر کرنے کا جائز نہ ہونا..........۲۲۵
غیبت صغریٰ کے دور میں تشیع کی ترقی..........۲۲۷
امام مہدیؑ کی سیرت طیبہ..........۲۳۰
الف: دینی سیرت..........۲۳۰
ب:اخلاقی سیرت..........۲۳۰
ج:عملی سیرت..........۲۳۱
د:انقلابی سیرت..........۲۳۱
ذ: سیاسی سیرت..........۲۳۲
و:تربیتی سیرت..........۲۳۳
ز: اجتماعی سیرت..........۲۳۴
ح: مالی سیرت..........۲۳۴
ط:اصلاحی سیرت..........۲۳۵
ظ: عادلانہ سیرت..........۲۳۶
خلاصہ کتاب..........۲۳۸
فہرست منابع..........۲۴۸

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

جاحظ:

جعفر بن محمد الذی ملأ الدنیا علمه و فقهه.

شرح نہج البلاغہ ،ج۱۵،ص۲۷۳

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی ولادت باسعادت

شیعوں کے چھٹے امام حضرت جعفر صادقؑ ہیں۔آپؑ بعض تاریخی کتب کے مطابق ۸۰ھ(۱) میں اور بعض دوسری کتابوں کی بناپر ۸۳ھ میں اس دنیا میں تشریف لائے۔(۲) آپؑ کی والدہ ماجدہ جناب فروہؑ ہیں جو جناب قاسم بن محمد بن ابوبکر کی بیٹی ہیں۔حضرت امام صادقؑ کی شہادت کے بارے میں مؤرخین کا اتفاق ہے کہ آپؑ منصور عباسی کی خلافت کے دوران شوال ۱۴۸ھ میں شہید ہوئے۔(۳) بعض کتابوں میں آپؑ کی شہادت کا دن ۲۵ شوال ہے۔(۴)

فکری اوراعتقادی اعتبار سے شیعوں کا انحصار حضرت امام صادقؑ پر تھا۔احادیث اور علوم اہلبیتؑ کا بہت بڑا حصہ آپؑ کے واسطہ سے ہی (دنیا میں) پھیلا ہے۔

جو روایات حضرت امام صادقؑ کی امامت کے بارے میں نقل ہوئی ہیں، بہت سی شیعہ تاریخ اور احادیث کی کتابوں جیسے کافی (کتاب الحجة)، کشف الغمة فی معرفة الائمه (۵)، اثبات الوصية، ارشاد مفیدؒ اور اثبات الهداة میں موجود ہیں۔

حضرت امام صادقؑ کے زمانہ میں جو نئے شیعہ فرقے وجود میں آرہے تھے آپؑ ان کی شناخت کے لئے

---

۱. کشف الغمه، ج ۲، ص ۱۶۱؛ اثبات الوصیه، ص ۱۷۸

۲. الکافی، ج ۱، ص ۴۷۲؛ الارشاد، ص ۳۰۴؛ فرق الشیعه، ص ۷۸

۳. الکافی، ج ۱، ص ۴۷۲؛ الارشاد ص ۳۰۴؛ فرق الشیعه، ص ۷۸

۴. تواریخ النبی والآل، ص ۶۸

۵. کشف الغمه، ج ۲، ص ۱۷۳۔۱۶۷

ایک حد فاصل کی حیثیت رکھتے تھے، آپؑ نے تشیع کو انحراف اور گمراہی سے بچانا اپنا سب سے اہم فریضہ قرار دے رکھا تھا، اور آپؑ کے دور میں جو فکری و اعتقادی مشکلات مکتب تشیع کے استقلال کے لئے ایک طرح کا خطرہ تھیں، آپؑ مسلسل ان کے مقابلے میں ڈٹے رہے اور تشیع کو اس کی واقعی شکل میں محفوظ رکھا۔

حضرت امام محمد باقرؑ مدینہ میں رہتے تھے(۱) لیکن امام صادقؑ اس وجہ سے کہ آپؑ کے اکثر شیعہ عراق میں رہتے تھے یا چند اور وجوہات کی بنا پر کچھ عرصہ عراق میں رہے ہیں۔(۲)

چھٹے امامؑ کے زمانہ میں بنی امیہ کی حکومت ختم ہوگئی تھی اور اقتدار بنی عباس کے ہاتھوں میں چلا گیا تھا. باقی ائمہؑ کی نسبت آپؑ نے لوگوں کی ہدایت میں زیادہ اور طویل زندگی گذارنے کے بعد ۱۴۸ھ میں شہادت پاکر شیعوں کو ہمیشہ کے لئے اپنی جدائی کے غم میں بٹھا دیا۔ آپؑ کی شہادت کے بارے میں ایک روایت اہلسنت کی کتابوں میں نقل ہوئی ہے(۳) لیکن ابوزہرہ نے اسے صحیح نہیں جانا ہے اور اپنے نظریہ کو ثابت کرنے کیلئے منصور کی امام صادقؑ کے احترام اور آپؑ کی شہادت پر غم و اندوہ کا اظہار کرنے کا سہارا لیا ہے۔(جسے یعقوبی نے نقل کیا ہے)(۴) اس نے منصور کی اس روش کو اس کی حکومت کی بنیادوں کے استحکام کے منافی خیال کیا ہے، لیکن بہتر ہے یوں کہا جائے کہ ان دونوں میں سے کوئی بات بھی آپؑ کے شہید نہ ہونے پر دلیل نہیں ہے، کیونکہ منصور کا یہ اظہار غم ایک خلیفہ کی حیثیت سے تھا، کیونکہ وہ یہ ظاہر نہیں کرنا چاہتا تھا کہ امام صادقؑ کی شہادت اسی کے حکم سے ہوئی ہے اور اس کا یہ عمل کاملاً ایک طبیعی اور سیاسی اقدام تھا۔(۵) جیسا کہ امام رضا(ع) کے سلسلہ میں مامون کا رویہ بھی اسی قسم کا تھا۔

بادشاہوں کے ہاں سیاسی طور پر ان کے حکم سے جو قتل کیے جاتے ہیں ان کیلئے یہ طریقہ کار ایک عام بات ہوتی ہے، اسی طرح منصور کا یہ اقدام اور علویوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو قتل کرنا اور ان سے دشمنی رکھنا یہ سب باتیں ابوزہرہ کے نظریہ سے منافات رکھتی ہیں۔ اس کے برعکس منصور کے حکم سے امام صادقؑ کی شہادت اس کی ایک حکومتی چال تھی اور اس کا اپنے دشمنوں سے نمٹنے کا طریقہ بھی یہی تھا۔ اس کے، اس طرح کے اقدامات پس پردہ اور کاملاً طور پر انجام پاتے تھے تاکہ وہ ان کے نقصانات سے محفوظ رہ سکے، لہٰذا اگر تاریخ میں یہ بیان موجود ہے کہ آپؑ منصور کے ہاتھوں مسموم ہوئے ہیں، تو اسے قبول کرنا زیادہ موزوں ہے اور وہ دلیل کہ منصور نے آپؑ کی رحلت

---

۱. کشف الغمہ، ج ۲، ص ۱۶۱؛ اثبات الوصیہ، ص ۱۷۸

۲. الملل والنحل، ج ۱، ص ۱۴۷

۳. الاتحاف بحب الاشراف، ص ۴۷

۴. تاریخ الیعقوبی، ج ۳، ص ۱۱۷؛ الامام الصادق، ابو زہرہ ص ۶۷

۵. الامام الصادق، ص ۶۴

پر اظہار افسوس کیا ہے لہٰذا وہ قائل نہیں ہوسکتا، قابل قبول نہیں ہے۔

حضرت امام صادق علیہ السلام کی فقہی اور اخلاقی شخصیت

حضرت امام صادقؑ کی علمی شخصیت کے بارے میں بہت زیادہ شواہد موجود ہیں۔ شیعوں کے نزدیک آپؑ کی امامت خداوند متعال کی طرف سے عطا شدہ ہے، اس کے معنی یہ ہیں کہ آپؑ کے اندر امامت کے وہ تمام شرائط اور صفات موجود تھے جو اس عہدہ پر فائز ہونے والے کیلئے ضروری ہیں۔ اہلسنت کے درمیان آپؑ ایک مفتی کی حیثیت سے اس عظمت کے مالک تھے کہ وہ آپؑ کو حضرت ابوحنیفہ اور حضرت مالک بن انس جیسے بڑے بڑے محدثین کا استاد تسلیم کرتے ہیں۔ امام مالک بن انس جو کافی عرصہ تک آپؑ کے شاگرد رہے ہیں، آپؑ کی شخصیت کے بارے میں یوں فرماتے ہیں:

”ولقد كنت آتي جعفر بن محمد و كان كثير المزاح و التبسم فاذا ذكر عندالنبي اخضرو اصفر ولقد اختلفت اليه زماناً وما كنت اراه الا علىٰ ثلاث خصال : اما مصلياً و اما صائماً و اما يقرأالقرآن و ما رأيته قط يحدث عن رسول الله الا علىٰ الطهارة ولا يتكلم في ما لا يعنيه و كان من العلماالزهاد الذين يخشون الله و مارأيته قط الا يخرج الوسادة من تحته و يجعلها تحتي.“(۱)

”میں ایک عرصہ تک (حضرت امام) صادقؑ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہا، آپؑ پُر مزاح اور ہمیشہ تبسم فرماتے رہتے تھے۔ جب بھی آپؑ کے سامنے رسول خداؐ کا نام لیا جاتا تو آپؑ کا رنگ سبز اور پھر زرد ہو جاتا۔ جتنی مدت بھی آپؑ کے ہاں میرا آنا جانا رہا میں نے آپؑ کو صرف تین حالتوں میں دیکھا: یا آپؑ نماز پڑھ رہے ہوتے یا روزہ دار ہوتے یا قرآن مجید کی تلاوت میں مشغول ہوتے، کبھی بھی وضو کے بغیر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث نقل نہیں فرماتے تھے اور نہ ہی غیر ضروری باتیں کرتے تھے۔ آپؑ ان زاہد علماء میں سے تھے کہ جن کے دل میں ہمیشہ خوف خدا رہتا تھا۔ میں کبھی بھی آپؑ کی خدمت میں شرفیاب نہیں ہوا مگر یہ کہ آپؑ اپنا تکیہ اٹھا کر میرے سرہانے رکھ دیتے تھے۔“

عمر بن المقدم سے نقل ہوا ہے کہ اس نے کہا: ”كنت اذا نظرت الى جعفر بن محمد علمت انه من سلالة

۱۔ المناقب، ص ۵۳، ابو زہرہ سے منقول ہے؛ الامام مالک، ص ۹۵۔۹۴؛ ونک: الامام الصادق والمذاهب الاربعه، ج ۲، ص ۵۳؛ التوسل والوسیله، ابن تیمیه، ص ۵۲

النبیین." "جب بھی میں جعفر بن محمد دیکھتا تو سمجھ لیتا کہ آپ پیغمبر کی نسل میں سے ہیں۔" (۱)

جاحظ جو تیسری صدی کے مشہور علماء میں سے ہیں، آپؑ کے بارے میں یوں کہتے ہیں:

"جعفر بن محمدالذی ملأ ا لدنیا علمه و فقهه و یقال ان ابا حنیفة من تلامذته و کذا لک سفیان الثوری و حسبک بهمافی هذا الباب." (۲)

"حضرت (امام) جعفر بن محمدؑ وہ ہیں جن کا علم اور فقہ پوری دنیا میں پھیلا ہوا ہے اور کہا جاتا ہے کہ ابوحنیفہ اور سفیان ثوری بھی آپ کے شاگردوں میں سے تھے، ان دونوں کا آپؑ کا شاگرد ہونا ہی آپؑ کی علمی عظمت کیلئے کافی ہے۔"

ابن حجر ہیتمی نے بھی آپؑ کی علمی شخصیت کی تعریف میں اسی بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ یحیٰی بن سعید، ابن جریح، مالک، سفیان ثوری، ابوحنیفہ، شعبہ اور ایوب فقیہ جیسے افراد نے آپؑ سے روایت نقل کی ہیں۔ (۳)

حضرت امام صادقؑ سے حضرت ابوحنیفہ کے علم حاصل کرنے کے ایک نمونہ کو وزیر آبی نے اپنی کتاب میں یوں ذکر کیا ہے کہ آپؑ نے ابوحنیفہ کے اس سوال "یا ابا عبدالله ما اصبرک علی ا لصلاة ." کے جواب میں مفصل مطالب بیان فرمائے ہیں۔ آپؑ کی شخصیت کے بارے میں علماء اور مفکرین کے بہت زیادہ اقوال نقل ہوئے ہیں۔ (۴) استاد اسد حیدر نے اپنی قیمتی کتاب (الامام الصادق ؑ والمذاهب الاربعه) میں ان میں سے بہت سی باتوں کو جمع کیا ہے (۵) جنہیں یہاں ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ امامؑ سے علم حاصل کرنے والوں یا حدیث نقل کرنے والوں کی کثیر تعداد آپؑ کی علمی شخصیت کی بہترین دلیل ہے۔

حسن بن علی الوشاء کہتے تھے کہ میں نے مسجد کوفہ میں نوسو افراد کو دیکھا ہے جو "حدثنی جعفر بن محمدؑ." کہتے تھے۔ "یعنی یہ حدیث جناب جعفر بن محمدؑ نے مجھ سے بیان کی ہے۔" (۶)

بعض کتابوں میں آپؑ کے شاگردوں اور حدیث نقل کرنے والوں کی تعداد چار ہزار بیان ہوئی ہے۔ (۷) سفیان ثوری (جو سنی کتابوں میں زہد اور علم میں شہرت رکھتے تھے) نے نصیر بن کثیر کے ہمراہ امام صادقؑ کی خدمت میں زانوئے ادب تہہ کیا اور آپؑ سے کافی علمی اور اخلاقی فائدہ حاصل کیا ہے۔ (۸)

---

۱. ا تهذیب التهذیب، ج۲، ص۱۰۴، کشف الغمه، ج۲، ص۱۸، الکامل فی ضعفاء الرجال، ص۵۵۶، سیر اعلامالنبلاء، ج۶ ص۲۵۷
۲. رسائل الجاحظ، ص۱۰۶
۳. الصواعق المحرقه، ص۱۲۰
۴. نثر الدر، ج۱، ص۳۵۶
۵. الامام الصادق والمذاهب الاربعه، ج۱، ص۵۱ تا ۶۲
۶. الامام الصادق، ص۱۲۹، ونک: الامام الصادق والمذاهبالاربعه، ج۱، ص۶۷
۷. کشف الغمه، ج۲، ص۱۶۶
۱.۸ لعقد الفرید، ج۳، ص۱۷۵؛ تذکرة الحفاظ، ج۱، ص۱۶۷؛ الاتحاف بحب الاشراف، ص۱۴۷؛ کشف الغمه، ج۲، ص۱۵۷

حج کے موسم میں نصیر، سفیان کے ہمراہ امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: میں حج پر جانا چاہتا ہوں مجھے کچھ تعلیم فرمائیں جس سے میں نجات پاسکوں تو امامؑ نے ان کو ایک دعا تعلیم فرمائی۔ اس کے علاوہ اور مقامات پر بھی وہ امامؑ سے عاجزانہ چاہتے تھے کہ آپؑ ان کیلئے کوئی حدیث بیان کریں، لیکن ان میں کچھ ایسے افراد بھی تھے جو جھوٹی احادیث امام صادقؑ سے منسوب کر کے کر آپؑ کو بدنام کرنا چاہتے تھے۔

اس بارے میں شریک کا بیان ہے: امام جعفر صادقؑ نیک اور متقی انسان تھے، لیکن بعض جاہل افراد آپؑ کے پاس آتے رہتے تھے جو باہر جا کر جعلی حدیثیں آپؑ سے منسوب کر دیتے تھے۔(۱) یہ لوگ مال و دولت حاصل کرنے اور لوگوں کو دھوکا دینے کیلئے ہر بری بات کو آپؑ کی طرف نسبت دیتے تھے۔ ان میں سے ایک ''بیان بن سمعان۔'' ہے، جو مشہور غالیوں میں سے تھا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ امامؑ کی شناخت کے بعد نماز، روزہ اور باقی شرعی احکام بجالانے کی ضرورت نہیں ہے۔ شریک نے اپنی گفتگو کے آخر میں کہا ہے کہ آپؑ ان تمام جھوٹی باتوں سے پاک و مبرا ہیں، لیکن جب لوگ ان کو سنیں گے تو امامؑ کا مرتبہ ان کی نظر میں کم ہو جائے گا۔(۲) بہرحال، امامؑ اپنے زمانہ میں خاص طور سے علماء کی نظر میں بہت ہی عظمت کے مالک رہے ہیں۔ ابوزہرہ اس بارے میں لکھتے ہیں:

''ما اجمع علماء الاسلام علیٰ اختلاف طوائفهم فی امر کما اجمعوا علیٰ فضل الامام الصادق ؑ وعلمه.''(۳) ''علماء اسلام نے تمام تر نظریاتی اختلافات اور متعدد فرقوں کے باوجود کسی بات پر ایسا اجماع نہیں کیا ہے جیسا اجماع انھوں نے امام صادقؑ اور ان کے فضل و علم کے بارے میں کیا ہے۔''

شہرستانی جو مشہور کتاب ''ملل ونحل۔'' کے مؤلف ہیں آپؑ کی اخلاقی اور علمی شخصیت کے بارے میں لکھتے ہیں: ''وهو ذوعلم غزیر فی الدین و ادب کامل فی الحکمة و زهد بالغ فی الدنیا و ورع تام عن الشهوات.''

''آپ دینی مسائل اور معاملات میں لامحدود علم اور حکمت میں کامل ادب اور دنیا کے زرق و برق کی نسبت عظیم زہد کے مالک تھے اور صاحب ورع اور نفسانی خواہشات سے پرہیز کرتے تھے۔(۴)

---

۱. السهمی تاریخ جرجان، ص ۵۵۴؛ المنری، تهذیب الکمال، ج ۵، ص ۹۲

۲. رجال کشی، ص ۳۲۴، ۳۲۵

۳. الامام الصادق، ص ۶۶

۴. جامع المسانید، ج ۲، ص ۳۴۹

حضرت ابوحنیفہ، حضرت امام محمد باقرؑ سے استفادہ کرنے کے علاوہ حضرت امام صادقؑ سے بھی حدیث نقل کرتا ہے۔ان کی کتاب ''الآثار'' میں امام صادقؑ کی بہت زیادہ روایات دکھائی دیتی ہیں۔(۱) وہ خود امام صادقؑ کے بارے میں کہتے تھے : ''ما رائیت افقه من جعفر بن محمد وانه اعلم الامة.'' (۲) ''میں نے امام صادقؑ سے بڑا فقیہ نہیں دیکھا، یقیناً آپؑ تمام امت سے اعلم ہیں۔'' مشہور مورخ ابن خلکان آپؑ کے بارے میں کہتے ہیں:

''احد الائمه الاثنی عشر علیٰ مذهب االامامیه و کان من ساد ات اهل البیت ولقب بالصادق لصدق مقالته و فضله اشهر من ان یذکر.'' (۳)

''آپؑ امامیہ مذہب کے بارہ اماموں میں سے ایک ہیں اور اہلبیت رسول ﷺ کی ایک عظیم فرد ہیں، آپؑ اپنی سچی گفتار کی وجہ سے صادق کے نام سے مشہور تھے اور آپؑ کے فضائل اس سے بھی بالاتر ہیں کہ ان کو ذکر کیا جائے۔''

شیخ مفیدؒ آپؑ کے بارے کہتے ہیں کہ: ''ولم ینقل العلماء عن احد من اهلبیته ما نقل عنه.'' (۴)

''علماء اسلام نے اہل بیتؑ میں سے آپؑ سے زیادہ کسی اور سے اتنی حدیثیں نقل نہیں کی ہیں۔''

منصور عباسی جو ہمیشہ علویوں کے ساتھ برسرپیکار رہتا اور کوشش کرتا تھا کہ اہلسنت کے فقہاء میں سے بعض جیسے مالک بن انس کو بڑھا چڑھا کر امامؑ کی فقہی شخصیت کو کم رنگ کرے۔ وہ مالک بن انس سے کہتا تھا کہ خدا کی قسم تم تمام لوگوں سے عاقل تر ہو اگر میں زندہ رہا تو تمہارے فتاویٰ اور اقوال کو قرآن کی طرح لکھ کر تمام دنیا میں بھیج کر لوگوں کو اس کے قبول کرنے پر مجبور کروں گا۔(۵) منصور کا یہ عمل مالک سے محبت کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ مالک کو عزت دے کر امامؑ کے مرتبہ کو کم اور اپنے دوسرے مخالف علماء کو خاموش کرنا چاہتا تھا۔

منصور، امامؑ کی علمی وفقہی شخصیت کو مجروح کرنے کی نیت سے ہر کام کرتا تھا چنانچہ اس نے ابوحنیفہ کو امامؑ سے بحث کرنے پر آمادہ کیا تاکہ ابوحنیفہ کے کامیاب ہونے کی صورت میں علمی حلقوں میں امامؑ کی تحقیر کر سکے۔

ابوحنیفہ خود اس داستان کو یوں نقل کرتے ہیں: منصور نے مجھ سے کہا: لوگ کتنا امام جعفر صادقؑ کی طرف جا رہے ہیں! ان کی بہت بڑی تعداد آپؑ کی طرف مائل ہو رہی ہے، لہٰذا تم چند مشکل مسائل منتخب کر کے امام جعفر صادقؑ

---

۱. الامام الصادقؑ، ص ۳۸

۲. جامع المسانید، ج ۱ ص ۲۲۲؛ الامام الصادق، ص ۲۲۴؛ والامام ابو حنیفه، ص ۷۰

۳. وفیات الاعیان، ج ۸، ص ۱۰۵

۴. کشف الغمه، ج ۲، ص ۱۶۶

۵. تذکرة الحفاظ، ج ۱، ص ۲۰۹